14-08-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعظم نریندر مودی کل دلی میں واقع تاریخی لال قلعہ سے 78 ویں یوم آزادتقاریب منانے کیلئے قوم کی قیادت کریں گے۔

☆یوم آزادی کے موقع پر ایک ہزار سینتیس ملازمین کو گیالنٹری اور سرویس میڈلس عطا کئے گئے ہیں۔ تلنگانہ کے ہیڈ کانسٹبل یادیا کو بھی صدر جمہوریہ میڈل سے نوازا گیا۔

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی آج شام حیدرآباد کے کوکہ پیٹ میں Cognizant سافٹ ویئر کمپنی کے نئے کامپلکس کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

☆بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ کانگریس حکومت کے اقتدار میں آنے کے صرف 8 ماہ کے دوران ریاست پچاس ہزار کروڑ روپئے کی مقروض ہوگئی ہے۔

☆☆☆☆☆

پنچایت راج اور خواتین و بہبود اطفال کی ریاستی وزیر اناسویا عرف سیتا کا نے اس بات کا یقین دلایا ہے کہ ریاستی حکومت احتجاجی ڈاکٹرس کی بھرپور حمایت کرے گی۔ سیتا کا نے آج سکندرآباد میں واقع گاندھی ہاسپٹل کا دورہ کیا اور وہاں زیر علاج مریضوں سے بات چیت کی۔ اس دوران وزیر نے کولکتہ میں ایک پی جی میڈیکل طالبہ کی آبرو ریزی و قتل کے خلاف احتجاج کررہے ہاسپٹل کے ڈاکٹرس کے ساتھ اظہار یگانگت کیا۔ سیتا کا نے مذکورہ واقعہ کی مذمت کی اور کہا کہ یہ ہر کسی کی ذمہ داری ہے کہ وہ خواتین کا تحفظ کریں۔ سیتا کا نے تیقن دیا کہ کانگریس حکومت اس طرح کے مسائل سے نمٹنے کیلئے تمام تر درکار اقدامات کرے گی اور اس کے علاوہ حکومت نشہ کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے بھی پر عزم ہے۔

☆☆☆☆☆

کانگریس حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد مواضعات اور ٹاؤنس میں ناقص حکمرانی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج مواضعات کے انتظامیہ کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ ناقص انتظامیہ کی بناء پر ٹاؤنس متاثر ہورہے ہیں۔ تارک راما راؤ نے ایک بیان میں کہا کہ مچھروں کی افزائش کو روکنے جیسے بنیادی امور کے لئے بھی فنڈ نہیں ہے۔ جس سے خطرناک بیماریاں جیسے ڈینگو اور ملیریا پھیل رہے ہیں۔ انہوں نے پنچایتوں کو فنڈ جاری نہ کرنے پر حکومتوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ آٹھ ماہ کے باوجود پچھلے کاموں کے بل منظور نہیں کئے گئے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے تمام اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بونداباندی کے ساتھ ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ ریاست بھر کے چند اضلاع میں اوسط بارش یا بونداباندی کا بھی امکان ہے۔ تلنگانہ بھر میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ کانگریس حکومت نے اقتدار میں آنے کے آٹھ ماہ کے اندر ریاست کو پچاس ہزار کروڑ روپئے کا مقروض بنادیا۔ آج جاری کردہ ایک بیان میں راما راؤ نے سوال کیا کہ آیا کانگریس حکومت اس قدر مختصر عرصہ میں پچاس ہزار کروڑ روپئے قرض میں ڈوب کر ریکارڈ بنا رہی ہے؟ کے ٹی آر نے کہا کہ سال 2023 میں ریاست کا فاضل بجٹ 5900 کروڑ روپئے تھا جو اب محض 8 ماہ کے دوران 50 ہزار کروڑ روپئے قرض میں بدل گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی کل دلی میں واقع تاریخی لال قلعہ سے 78 ویں یوم آزادتقاریب منانے کیلئے قوم کی قیادت کریں گے۔ وہ اس یادگار عمارت سے قومی پرچم لہرائیں گے اورقوم سے خطاب کریں گے۔اس سال یوم آزادی کیلئے ''ویکست بھارت ایٹ 2047'' موضوع دیا گیا ہے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ ملک کو سال 2047 تک ترقی یافتہ بنانے کیلئے حکومت کی جانب سے کی جانے والی کاوشوں کے تحت یوم آزادتقاریب کوایک پلیٹ فارم کے طور پراستعمال کیا جائے گا۔لال قلعہ پرمنعقد ہونے والی تقریب کیلئے تقریباً 6 ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔حال ہی میں پیرس اولمپک میں حصہ لینے والے ہندوستانی جتھے کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

اینٹی کرپشن بیورو(ACB) کی جانب سے تلنگانہ بھرمیں دس سرکاری ہاسٹلوں کا اچانک معائنہ کیا گیااورمختلف بے قاعدگیوں کا پتہ چلایا گیا۔یہ معائنے مختلف ہاسٹلوں بشمول ایس سی بوائز ہاسٹل جام باغ حیدرآباد، وی سی بوائز ہاسٹل میدی پلی، میڑچل ملکاجگیری، بی سی بوائز ہاسٹل کوئلہ کنڈہ اور ایس سی گرلز ہاسٹل تیپارتی ضلع نلگنڈہ میں کئے گئے۔اے سی بی کی ٹیموں نے معیاراورغذا کی مقدار، حفظان صحت کی صورتحال، طلبہ کی حاضری کے ریکارڈ اور دیگر معاملات کا جائزہ لیا۔اس سلسلہ میں اے سی بی کی جانب سے حکومت کوایک رپورٹ پیش کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی زیرقیادت کامیاب بیرونی دورہ کے اختتام کے بعدان کی ٹیم آج صبح حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ واپس ہوئی۔امریکہ اور جنوبی کوریا کے دس روزہ دورہ کے تعلق سے ریونت ریڈی نے اطمینان کا اظہار کیا اور تلنگانہ کومستقبل کی ریاست قرار دیتے ہوئے اس دورہ کے دوران حاصل کردہ مختلف سرمایہ کاری کواجاگر کیا۔ایئرپورٹ پر پارٹی لیڈرس اورعہدیداروں نے سی ایم کا استقبال کیا۔

☆☆☆☆☆

یوم آزادی کے موقع پرایک ہزارسینتیس ملازمین پولیس فائر، ہوم گارڈ، سیول ڈیفنس اورمختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے عہدیداروں کوگیالنٹری اورسرویس میڈلس عطا کئے گئے ہیں۔ ہیڈ کانسٹبل تلنگانہ پولیس سی یادیا کو پریسیڈنٹ میڈل دیا گیا۔انہیں چین چھیننے والے اوراسلحہ کے کاروبار میں ملوث افراد کی گرفتاری میں اہم رول ادا کرنے پر یہ اعزاز دیا گیا۔ یہ واقعہ سائبرآباد پولیس کمشنریٹ حدود میں سال 2022 کے دوران پیش آیا اس وقت یادیا کے سینے پر چاقو سے کئی وار کئے گئے تھے۔شدید زخمی ہونے کے باوجودانہوں نے زائد پولیس فورس آنے تک مجرموں کو پکڑے رکھا۔ وہ سترہ دن تک دواخانہ میں زیرعلاج رہے۔تلنگانہ اسپیشل پولیس بٹالین اے ڈی جی سنجے کمارجین اورڈی سی پی مرلی دھر کوبھی صدرجمہوریہ میڈل کیلئے منتخب کیا گیا۔اس کے علاوہ ریاست سے تعلق رکھنے والے سات آفیسرس بشمول کھمم پولیس کمشنر سنیل دت کوبھی گیالنٹری میڈل کیلئے منتخب کیا گیا۔اس کے علاوہ نصف درجن آفیسرس کے بشمول سائبر پولیس کمشنر آوی ناش موہنتی کوبھی ان کی گراں قدر خدمات کیلئے میڈل کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

کوئلہ اورکانوں کے مرکزی وزیرکشن ریڈی نے عوام پرزوردیا ہے کہ ہرگھر پرقومی پرچم لہرائیں جبکہ یہ سب کی ذمہ داری ہے کہ قومی یکجہتی کا تحفظ کریں۔کشن ریڈی نے حیدرآباد میں واقع سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمہ پرقومی ترانا پڑھے جانے کی تقریب میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

قلعہ گولکنڈہ پریوم آزادی تقریب کیلئے تمام تر انتظامات کئے گئے ہیں جیسا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس تاریخی مقام پرقومی پرچم کشائی انجام دیں گے۔ یہ پہلا موقع ہوگا جب ریونت ریڈی بحیثیت سی ایم پرچم لہرائیں گے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے قلعہ گولکنڈہ کا دورہ کرتے ہوئے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے عہدیدارو ں کوہدایت دی کہ یوم آزادی تقریب کو بڑے پیمانے پرمنعقد کرنے کیلئے کوئی کسر باقی نہ رکھی جائے۔اس موقع پر کلچرل پروگرام بھی ہوگا جس میں ایک ہزار سے زائد آرٹسٹ مظاہرہ کریں گے اور تلنگانہ کی تہذیب وثقافت کواجاگر کریں گے۔

☆☆☆☆☆

آج ملک کے ہولناک بٹوارہ کو یاد کرنے کا دن ہے۔ اس دن کے ذریعہ سال 1947ء میں ہندوستان کی تقسیم کے دوران متاثرین اورعوام کو پیش آئی مشکلات کو یاد کیا جاتا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر اُن اَن گنت لوگوں کو یاد کیا جو بٹوارہ سے متاثر ہوئے اور شدید مشکلات کا شکار ہوئے۔ مودی نے کہا کہ یہ ان متاثرین کو خراج پیش کرنے کا بھی دن ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج شام حیدرآباد کے علاقہ کوکہ پیٹ میں Cognizant سافٹ ویئر کمپنی کے نئے کامپلکس کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ توقع ہے کہ یہ نیا کیمپس ملازمت کے پندرہ ہزار مواقع فراہم کرے گا۔ آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو بھی اس موقع پر موجود ہوں گے۔ واضح رہے کہ سی ایم نے اپنے حالیہ دورہ امریکہ کے دوران نیوجرسی میں مذکورہ کمپنی کے ساتھ ایک معاہدہ پر دستخط کئے تھے۔ اس موقع پر سی ایم نے کہا کہ ان کے حالیہ امریکہ کے دوران ریاستی حکومت نے 31 ہزار 500 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف اداروں اور صنعتوں کے کئی سی ای اوز نے ریاست میں سرمایہ کاری کیلئے دلچسپی ظاہر کی۔ ریونت ریڈی نے بتایا کہ مذکورہ معاہدہ کے تحت جلد ہی انونسٹر ٹاسک فورس قائم کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆